القرآن الكريم

سُورَةُ البَقَرَةِ

سُورَةُ الأَنبيَاءِ

لفظی اور با محاورہ ترجمہ

By Shehla Rani
HAQUE
Coaching and Consulting
00966 503 370483

﴿سُورَةُ الأَنبيَاءِ﴾

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

ٱقۡتَرَبَ لِلنَّاسِ حِسَابُهُمۡ وَهُمۡ فِي غَفۡلَةٖ مُّعۡرِضُونَ ١

ٱقۡتَرَبَ	لِلنَّاسِ	حِسَابُهُمۡ	وَهُمۡ	فِي غَفۡلَةٖ	مُّعۡرِضُونَ ١
قریب آگیا ہے	لوگوں کے لیے	ان کے حساب کا وقت	جبکہ وہ	غفلت میں	منہ پھیرے ہوئے ہیں

لوگوں کے لیے ان کے حساب کا وقت قریب آگیا ہے جبکہ وہ غفلت میں منہ پھیرے ہوئے ہیں

مَا يَأۡتِيهِم مِّن ذِكۡرٖ مِّن رَّبِّهِم مُّحۡدَثٍ إِلَّا ٱسۡتَمَعُوهُ

مَا يَأۡتِيهِم	مِّن ذِكۡرٖ	مِّن رَّبِّهِم	مُّحۡدَثٍ	إِلَّا	ٱسۡتَمَعُوهُ
ان کے پاس نہیں آتا	کوئی ذکر	ان کے رب کی طرف سے	نیا (نئی وحی)	مگر	وہ اسے سنتے ہیں

نہیں آتی ان کے پاس ان کے رب کی طرف سے کوئی نئی نصیحت مگر یہ اس کو کھیلتے ہوئے سنتے ہیں۔

وَهُمۡ يَلۡعَبُونَ ٢ لَاهِيَةٗ قُلُوبُهُمۡۗ وَأَسَرُّواْ ٱلنَّجۡوَى

وَهُمۡ	يَلۡعَبُونَ ٢	لَاهِيَةٗ	قُلُوبُهُمۡۗ	وَأَسَرُّواْ	ٱلنَّجۡوَى
اس حال میں کہ وہ	کھیل رہے ہوتے ہیں	غافل ہوتے ہیں	ان کے دل	اور چپکے چپکے کیا	خفیہ مشورہ

ان کے دل غافل ہوتے ہیں اور یہ ظالم خفیہ طور پر سرگوشیاں کرتے ہیں

ٱلَّذِينَ ظَلَمُواْ هَلۡ هَٰذَآ إِلَّا بَشَرٞ مِّثۡلُكُمۡۖ

ٱلَّذِينَ	ظَلَمُواْ	هَلۡ هَٰذَآ	إِلَّا	بَشَرٞ	مِّثۡلُكُمۡۖ
ان لوگوں نے جنہوں نے	ظلم کیا	نہیں ہے یہ (رسول)	مگر	بشر	تم جیسا
کہ نہیں ہیں یہ (محمد ﷺ) مگر تمھاری ہی طرح کے ایک انسان۔					

أَفَتَأۡتُونَ ٱلسِّحۡرَ وَأَنتُمۡ تُبۡصِرُونَ ٣ قَالَ رَبِّي

أَفَتَأۡتُونَ	ٱلسِّحۡرَ	وَأَنتُمۡ	تُبۡصِرُونَ ٣	قَالَ	رَبِّي
کیا پھر تم آتے (مانتے) ہو	جادو کو	جبکہ تم	دیکھ بھی رہے ہو	اس (رسول) نے کہا	میرا رب
تو پھر کیا تم جانتے بوجھتے ہوئے جادو کو مانتے ہو۔ رسول ﷺ نے کہا					

يَعۡلَمُ ٱلۡقَوۡلَ فِي ٱلسَّمَآءِ وَٱلۡأَرۡضِۖ وَهُوَ ٱلسَّمِيعُ

يَعۡلَمُ	ٱلۡقَوۡلَ	فِي ٱلسَّمَآءِ	وَٱلۡأَرۡضِۖ	وَهُوَ	ٱلسَّمِيعُ
جانتا ہے	ہر بات کو	آسمان میں	اور زمین میں	اور وہ	خوب سننے والا ہے
کہ میرا رب جانتا ہے ہر اُس بات کو جو آسمان اور زمین میں ہے 'اور وہ سب کچھ سننے والا 'سب کچھ جاننے والا ہے۔					

ٱلۡعَلِيمُ ٤ بَلۡ قَالُوٓاْ أَضۡغَٰثُ أَحۡلَٰمِۭ بَلِ ٱفۡتَرَىٰهُ

ٱلۡعَلِيمُ ٤	بَلۡ	قَالُوٓاْ	أَضۡغَٰثُ	أَحۡلَٰمِۭ	بَلِ ٱفۡتَرَىٰهُ
خوب جاننے والا ہے	بلکہ	انہوں نے کہا	یہ پراگندہ	خیالات ہیں	بلکہ اس نے اسے خود ہی گھڑ لیا ہے
بلکہ وہ یہ بھی کہتے ہیں کہ یہ (کلام) پریشان خیالات ہیں بلکہ اس نے اسے خود ہی گھڑ لیا ہے					

بَلۡ هُوَ شَاعِرٞ فَلۡيَأۡتِنَا بِـَٔايَةٖ كَمَآ أُرۡسِلَ

بَلۡ هُوَ	شَاعِرٞ	فَلۡيَأۡتِنَا	بِـَٔايَةٖ	كَمَآ	أُرۡسِلَ
بلکہ وہ	شاعر ہے	لہذا چاہیے کہ وہ ہمارے پاس لائے	کوئی بڑی نشانی	جیسا کہ	بھیجے گئے تھے
بلکہ وہ شاعر ہے لہذا اسے چاہیے کہ وہ ہمارے پاس کوئی بڑی نشانی لائے جیسا کہ ان سے پہلے (رسول) بھیجے گئے تھے					

ٱلۡأَوَّلُونَ٥ مَآ ءَامَنَتۡ قَبۡلَهُم مِّن قَرۡيَةٍ أَهۡلَكۡنَٰهَآۖ أَفَهُمۡ

ٱلۡأَوَّلُونَ٥	مَآ ءَامَنَتۡ	قَبۡلَهُم	مِّن قَرۡيَةٍ	أَهۡلَكۡنَٰهَآۖ	أَفَهُمۡ
پہلے (رسول)	(نشانی دیکھ کر) ایمان نہیں لائی	ان سے پہلے	کوئی بستی کہ	ہم نے اسے ہلاک کیا	کیا پھر وہ
(نشانی دیکھ کر) کوئی بستی ایمان نہیں لائی کہ ہم نے اسے ہلاک کیا 'کیا پھر وہ ایمان لے آئینگے۔					

يُؤۡمِنُونَ٦ وَمَآ أَرۡسَلۡنَا قَبۡلَكَ إِلَّا رِجَالٗا نُّوحِيٓ

يُؤۡمِنُونَ٦	وَمَآ أَرۡسَلۡنَا	قَبۡلَكَ	إِلَّا	رِجَالٗا	نُّوحِيٓ
ایمان لے آئینگے	اور ہم نے (رسول) نہیں بھیجے	آپ سے پہلے	مگر	مرد ہی	ہم وحی کرتے تھے
اور ہم نے آپ ﷺ سے پہلے مردوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا اور ہم ان کی طرف وحی کرتے تھے					

إِلَيۡهِمۡۖ فَسۡـَٔلُوٓاْ أَهۡلَ ٱلذِّكۡرِ إِن كُنتُمۡ لَا تَعۡلَمُونَ٧

إِلَيۡهِمۡۖ	فَسۡـَٔلُوٓاْ	أَهۡلَ ٱلذِّكۡرِ	إِن	كُنتُمۡ	لَا تَعۡلَمُونَ٧
ان کی طرف	پس تم پوچھ لو	اہل ذکر سے	اگر	تم ہو	نہیں جانتے
اگر تم جانتے نہیں ہو تو اہل ذکر سے پوچھ لو۔					

وَمَا جَعَلۡنَٰهُمۡ جَسَدٗا لَّا يَأۡكُلُونَ ٱلطَّعَامَ وَمَا كَانُواْ خَٰلِدِينَ٨

وَمَا جَعَلۡنَٰهُمۡ	جَسَدٗا	لَّا يَأۡكُلُونَ	ٱلطَّعَامَ	وَمَا كَانُواْ
اور ہم نے ان (رسولوں) کے لیے نہیں بنائے تھے	ایسے جسم	کہ وہ کھاتے نہ ہوں	کھانا	اور نہ تھے وہ
اور ہم نے ان رسولوں کے لیے ایسا جسم نہیں بنایا تھا کہ وہ کھانا نہ کھاتے ہوں اور نہ ہی وہ ہمیشہ (زندہ) رہنے والے ہوتے تھے۔				

خَٰلِدِينَ٨ ثُمَّ صَدَقۡنَٰهُمُ ٱلۡوَعۡدَ فَأَنجَيۡنَٰهُمۡ وَمَن

خَٰلِدِينَ٨	ثُمَّ	صَدَقۡنَٰهُمُ	ٱلۡوَعۡدَ	فَأَنجَيۡنَٰهُمۡ	وَمَن
ہمیشہ (زندہ) رہنے والے	پھر	ہم نے ان سے سچا کر دیا	وعدہ	پھر ہم نے انہیں نجات دی	اور جنہیں
پھر ہم نے ان سے وعدہ سچا کر دیا پھر ہم نے انہیں اور ان کے ساتھ جسے چاہا نجات دی					

نَّشَآءُ وَأَهۡلَكۡنَا ٱلۡمُسۡرِفِينَ٩ لَقَدۡ أَنزَلۡنَآ إِلَيۡكُمۡ

نَّشَآءُ	وَأَهۡلَكۡنَا	ٱلۡمُسۡرِفِينَ٩	لَقَدۡ	أَنزَلۡنَآ	إِلَيۡكُمۡ
ہم چاہتے تھے	اور ہم نے ہلاک کر دیا	حد سے گزرنے والوں کو	یقیناً	ہم نے نازل کی	تمھاری طرف
اور ہم نے حد سے گزرنے والوں کو ہلاک کر دیا۔ یقیناً ہم نے تمھاری طرف ایک کتاب نازل کی					

كِتَٰبٗا فِيهِ ذِكۡرُكُمۡۚ أَفَلَا تَعۡقِلُونَ١٠ وَكَمۡ قَصَمۡنَا

كِتَٰبٗا	فِيهِ	ذِكۡرُكُمۡۚ	أَفَلَا تَعۡقِلُونَ١٠	وَكَمۡ	قَصَمۡنَا
ایک کتاب	اس میں	تمھارا ذکر ہے	کیا پھر تم نہیں سمجھتے؟	اور کتنی ہی	ہم نے تہس نہس کر دیں
اس میں تمھارا ذکر ہے کیا پھر تم نہیں سمجھتے؟ اور کتنی ہی ظالم بستیاں ہم نے تہس نہس کر دیں					

مِن قَرۡيَةٍ كَانَتۡ ظَالِمَةً وَأَنشَأۡنَا بَعۡدَهَا قَوۡمًا ءَاخَرِينَ ﴿١١﴾

قَوۡمًا ءَاخَرِينَ ﴿١١﴾	بَعۡدَهَا	وَأَنشَأۡنَا	ظَالِمَةً	كَانَتۡ	مِن قَرۡيَةٍ
دوسری قومیں	ان کے بعد	اور ہم نے پیدا کیں	ظالم	وہ تھیں	بستیاں
اور ہم نے ان کے بعد دوسری قومیں پیدا کیں۔					

فَلَمَّآ أَحَسُّواْ بَأۡسَنَآ إِذَا هُم مِّنۡهَا يَرۡكُضُونَ ﴿١٢﴾

يَرۡكُضُونَ ﴿١٢﴾	مِّنۡهَا	إِذَا هُم	بَأۡسَنَآ	أَحَسُّواْ	فَلَمَّآ
تیز بھاگتے تھے	ان (بستیوں) سے	تب وہ (لوگ)	ہمارا عذاب	انہوں نے محسوس کیا	پھر جب
پھر جب انہوں نے ہمارا عذاب محسوس کیا تب وہ (لوگ) ان (بستیوں) سے تیز بھاگتے تھے					

لَا تَرۡكُضُواْ وَٱرۡجِعُوٓاْ إِلَىٰ مَآ أُتۡرِفۡتُمۡ فِيهِ

فِيهِ	أُتۡرِفۡتُمۡ	إِلَىٰ مَآ	وَٱرۡجِعُوٓاْ	لَا تَرۡكُضُواْ
ان میں	تمھیں خوشحالی دی گئی تھی	ان (نعمتوں) کی طرف کہ	اور تم لوٹ جاؤ	(ان سے کہا گیا) تم مت بھاگو
(اس وقت ان سے کہا گیا کہ) تم مت بھاگو اور واپس جاؤ اپنے سامان تعیش اور محلات کی طرف تاکہ تم سے پوچھا جائے				

وَمَسَٰكِنِكُمۡ لَعَلَّكُمۡ تُسۡـَٔلُونَ ﴿١٣﴾ قَالُواْ يَٰوَيۡلَنَآ إِنَّا كُنَّا

إِنَّا كُنَّا	يَٰوَيۡلَنَآ	قَالُواْ	تُسۡـَٔلُونَ ﴿١٣﴾	لَعَلَّكُمۡ	وَمَسَٰكِنِكُمۡ
بیشک ہم ہی تھے	ہائے ہماری کم بختی!	انہوں نے کہا	پوچھا جائے	تاکہ تم سے	اور اپنے مکانوں (کی طرف)
(عذاب کے بعد تمھارا حال احوال تو پوچھ لیا جائے کہ تم پر کیا بیتی' کس طرح بیتی اور کیوں بیتی؟) انہوں نے کہا ہائے ہماری کم بختی!					

ظَٰلِمِينَ ﴿١٤﴾ فَمَا زَالَت تِّلْكَ دَعْوَىٰهُمْ حَتَّىٰ جَعَلْنَٰهُمْ

ظَٰلِمِينَ ﴿١٤﴾	فَمَا زَالَت	تِّلْكَ	دَعْوَىٰهُمْ	حَتَّىٰ	جَعَلْنَٰهُمْ
ظالم	پھر ہمیشہ رہی	یہی	ان کی پکار	یہاں تک کہ	ہم نے انہیں کر دیا

بیشک ہم ہی ظالم تھے۔ پھر ہمیشہ یہی ان کی پکار رہی' یہاں تک کہ ہم نے انہیں کر دیا

حَصِيدًا خَٰمِدِينَ ﴿١٥﴾ وَمَا خَلَقْنَا ٱلسَّمَآءَ وَٱلْأَرْضَ

حَصِيدًا	خَٰمِدِينَ ﴿١٥﴾	وَمَا خَلَقْنَا	ٱلسَّمَآءَ وَٱلْأَرْضَ
کٹی کھیتی (کی طرح)	بجھے ہوئے (مردہ)	اور ہم نے پیدا نہیں کیا	آسمان اور زمین کو

کٹی کھیتی (کی طرح) بجھے ہوئے (مردہ)۔

وَمَا بَيْنَهُمَا لَٰعِبِينَ ﴿١٦﴾ لَوْ أَرَدْنَآ أَن نَّتَّخِذَ

وَمَا بَيْنَهُمَا	لَٰعِبِينَ ﴿١٦﴾	لَوْ	أَرَدْنَآ	أَن	نَّتَّخِذَ
اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے	کھیلتے ہوئے (بے فائدہ)	اگر	ہم ارادہ کرتے	یہ کہ	ہم بنائیں

اور ہم نے آسمان اور زمین کو اور جو کچھ ان دونوں کے درمیان ہے کھیل کے لیے پیدا نہیں کیا۔

لَهْوًا لَّٱتَّخَذْنَٰهُ مِن لَّدُنَّآ إِن كُنَّا فَٰعِلِينَ ﴿١٧﴾

لَهْوًا	لَّٱتَّخَذْنَٰهُ	مِن لَّدُنَّآ	إِن	كُنَّا	فَٰعِلِينَ ﴿١٧﴾
کوئی کھیل تماشہ	تو یقیناً ہم اس کو بنا لیتے	اپنے پاس سے	اگر	ہم ہوتے	یہ کام کرنے والے

اگر ہم یوں ہی کھیل تماشہ کا ارادہ کرتے تو اسے اپنے پاس ہی سے بنا لیتے اگر ہم یہ کام کرنے والے ہوتے۔

بَلۡ نَقۡذِفُ بِٱلۡحَقِّ عَلَى ٱلۡبَٰطِلِ فَيَدۡمَغُهُۥ فَإِذَا

بَلۡ	نَقۡذِفُ	بِٱلۡحَقِّ	عَلَى ٱلۡبَٰطِلِ	فَيَدۡمَغُهُۥ	فَإِذَا
بلکہ	ہم پھینک مارتے ہیں	حق کو	باطل پر	تو وہ اس کا سر پھوڑ دیتا ہے	پھر اچانک
بلکہ ہم حق کو باطل پر پھینک مارتے ہیں تو وہ اس کا سر پھوڑ دیتا ہے					

هُوَ زَاهِقٞۚ وَلَكُمُ ٱلۡوَيۡلُ مِمَّا

هُوَ	زَاهِقٞۚ	وَلَكُمُ	ٱلۡوَيۡلُ	مِمَّا
وہ (باطل)	مٹ جانے والا ہو جاتا ہے	اور تمھارے لیے	ہلاکت ہے	ان (باتوں) کی وجہ سے جو
پھر اچانک وہ (باطل) مٹ جانے والا ہو جاتا ہے اور تمھارے لیے ان (باتوں) کی وجہ سے ہلاکت ہے				

تَصِفُونَ ١٨ وَلَهُۥ مَن فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ وَمَنۡ

تَصِفُونَ ١٨	وَلَهُۥ	مَن	فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۚ	وَمَنۡ
تم (اللہ) کے متعلق بیان کرتے ہو	اور اسی کا ہے	جو کچھ بھی	آسمانوں اور زمین میں ہے	اور وہ جو
جو تم (اللہ) کے متعلق بیان کرتے ہو۔ اور اسی کا ہے جو کچھ بھی آسمانوں اور زمین میں ہے				

عِندَهُۥ لَا يَسۡتَكۡبِرُونَ عَنۡ عِبَادَتِهِۦ وَلَا يَسۡتَحۡسِرُونَ ١٩ يُسَبِّحُونَ

عِندَهُۥ	لَا يَسۡتَكۡبِرُونَ	عَنۡ عِبَادَتِهِۦ	وَلَا يَسۡتَحۡسِرُونَ ١٩	يُسَبِّحُونَ
اس کے پاس ہیں	نہ وہ تکبر کرتے ہیں	اس کی عبادت سے	اور نہ وہ تھکتے ہیں	وہ اس کی تسبیح کرتے ہیں
اور جو (ملائکہ مقربین) اس کے پاس ہیں وہ اس کی عبادت سے تکبر (کی بنا پر) گریز نہیں کرتے اور نہ وہ تھکتے ہیں				

ٱلَّيۡلَ وَٱلنَّهَارَ لَا يَفۡتُرُونَ۝٢٠ أَمِ ٱتَّخَذُوٓاْ ءَالِهَةً

ٱلَّيۡلَ	وَٱلنَّهَارَ	لَا يَفۡتُرُونَ۝٢٠	أَمِ	ٱتَّخَذُوٓاْ	ءَالِهَةً
رات	اور دن	وہ اس میں سستی نہیں کرتے	کیا	انہوں نے بنالیے ہیں	معبود

وہ رات اور دن اس طرح اس کی تسبیح میں لگے ہوئے ہیں کہ وہ اس میں سستی نہیں کرتے۔

مِّنَ ٱلۡأَرۡضِ هُمۡ يُنشِرُونَ۝٢١ لَوۡ كَانَ فِيهِمَآ

مِّنَ ٱلۡأَرۡضِ	هُمۡ	يُنشِرُونَ۝٢١	لَوۡ	كَانَ	فِيهِمَآ
زمین میں سے	کہ وہ	(مردوں) کو زندہ کردینگے	اگر	ہوتے	ان دونوں (آسمانوں وزمین) میں

کیا انہوں نے زمین میں کچھ ایسے معبود بنالیے ہیں کہ وہ (مردوں) کو زندہ کردینگے۔

ءَالِهَةٌ إِلَّا ٱللَّهُ لَفَسَدَتَاۚ فَسُبۡحَٰنَ ٱللَّهِ رَبِّ ٱلۡعَرۡشِ

ءَالِهَةٌ	إِلَّا ٱللَّهُ	لَفَسَدَتَاۚ	فَسُبۡحَٰنَ	ٱللَّهِ	رَبِّ ٱلۡعَرۡشِ
کئی معبود	اللہ کے سوا	تو یقیناً وہ دونوں بگڑ جاتے	سو پاک ہے	اللہ	جو عرش کا رب ہے

اگر زمین اور آسمان میں اللہ کے سوا کئی معبود ہوتے تو یقیناً وہ دونوں بگڑ جاتے۔ تو اللہ جو عرش کا مالک ہے

عَمَّا يَصِفُونَ۝٢٢ لَا يُسۡـَٔلُ عَمَّا يَفۡعَلُ

عَمَّا	يَصِفُونَ۝٢٢	لَا يُسۡـَٔلُ	عَمَّا	يَفۡعَلُ
ان (باتوں) سے جو	وہ (مشرک) بیان کرتے ہیں	اس سے پوچھا نہیں جاسکتا	اس چیز کے متعلق جو	وہ کرتا ہے

وہ ان باتوں سے پاک ہے جو یہ مشرک بیان کرتے ہیں۔ وہ (اللہ) اپنے کاموں کے لیے (کسی کے آگے) جواب دہ نہیں

وَهُمۡ يُسۡـَٔلُونَ ٢٣ أَمِ ٱتَّخَذُواْ مِن دُونِهِۦٓ ءَالِهَةًۖ

ءَالِهَةًۖ	مِن دُونِهِۦٓ	ٱتَّخَذُواْ	أَمِ	يُسۡـَٔلُونَ ٢٣	وَهُمۡ
اور معبود؟	اس کے سوا	انہوں نے بنالیے ہیں	کیا	پوچھے جائینگے	جبکہ وہ (لوگ)
اور سب اس کے آگے جواب دہ ہیں۔ کیا انہوں نے اس اللہ کے سوا دوسرے معبود بنالیے ہیں؟					

قُلۡ هَاتُواْ بُرۡهَٰنَكُمۡۖ هَٰذَا ذِكۡرُ مَن

مَن	ذِكۡرُ	هَٰذَا	بُرۡهَٰنَكُمۡۖ	هَاتُواْ	قُلۡ
ان لوگوں کا جو	(قرآن) ذکر ہے	یہ	اپنی دلیل	تم لاؤ	کہہ دیجیے
آپ ﷺ کہہ دیجیے تم لاؤ اپنی دلیل! یہ (قرآن) ذکر ہے					

مَّعِيَ وَذِكۡرُ مَن قَبۡلِيۚ بَلۡ أَكۡثَرُهُمۡ

أَكۡثَرُهُمۡ	بَلۡ	قَبۡلِيۚ	مَن	وَذِكۡرُ	مَّعِيَ
ان کے اکثر	بلکہ	مجھ سے پہلے تھے	ان لوگوں کا جو	اور ذکر ہے	میرے ساتھ ہیں
ان لوگوں کا بھی جو میرے ساتھ ہیں اور ان کا بھی جو مجھ سے پہلے تھے۔ بلکہ ان کے اکثر حق کو نہیں جانتے					

لَا يَعۡلَمُونَ ٱلۡحَقَّۖ فَهُم مُّعۡرِضُونَ ٢٤ وَمَآ أَرۡسَلۡنَا مِن قَبۡلِكَ

مِن قَبۡلِكَ	وَمَآ أَرۡسَلۡنَا	مُّعۡرِضُونَ ٢٤	فَهُم	ٱلۡحَقَّۖ	لَا يَعۡلَمُونَ
آپ سے پہلے	اور ہم نے نہیں بھیجا	منہ پھیرنے والے ہیں	لہذا وہ	حق کو	نہیں جانتے
لہذا وہ منہ پھیرنے والے ہیں۔ آپ ﷺ سے پہلے جو بھی رسول ہم نے بھیجے					

مِن رَّسُولٍ إِلَّا نُوحِىٓ إِلَيۡهِ أَنَّهُۥ لَآ

مِن رَّسُولٍ	إِلَّا	نُوحِىٓ	إِلَيۡهِ	أَنَّهُۥ	لَآ
کوئی رسول	مگر	ہم وحی کرتے تھے	اس کی طرف	کہ بیشک	نہیں
ان کی طرف ہم نے یہی وحی نازل فرمائی					

إِلَٰهَ إِلَّآ أَنَا۠ فَٱعۡبُدُونِ ۝٢٥ وَقَالُواْ ٱتَّخَذَ

إِلَٰهَ	إِلَّآ	أَنَا۠	فَٱعۡبُدُونِ ۝٢٥	وَقَالُواْ	ٱتَّخَذَ
کوئی معبود برحق	مگر	میں ہی	لہذا تم میری ہی عبادت کرو	اور انہوں نے کہا	بنا رکھی ہے
کہ میرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے لہذا تم میری ہی عبادت کرو۔(مشرک لوگ) کہتے ہیں کہ رحمٰن کی اولاد ہے(غلط ہے)					

ٱلرَّحۡمَٰنُ وَلَدٗاۗ سُبۡحَٰنَهُۥۚ بَلۡ عِبَادٞ مُّكۡرَمُونَ ۝٢٦

ٱلرَّحۡمَٰنُ	وَلَدٗاۗ	سُبۡحَٰنَهُۥ	بَلۡ	عِبَادٞ	مُّكۡرَمُونَ ۝٢٦
رحمٰن نے	اولاد	وہ پاک ہے	بلکہ	(وہ فرشتے تو اس کے) بندے ہیں	معزز
اس کی ذات پاک ہے بلکہ وہ فرشتے تو اس کے معزز بندے ہیں۔					

لَا يَسۡبِقُونَهُۥ بِٱلۡقَوۡلِ وَهُم بِأَمۡرِهِۦ يَعۡمَلُونَ ۝٢٧

لَا يَسۡبِقُونَهُۥ	بِٱلۡقَوۡلِ	وَهُم	بِأَمۡرِهِۦ	يَعۡمَلُونَ ۝٢٧
وہ اس (اللہ) سے پہل نہیں کرتے	بات کرنے میں	اور وہ	اس کے حکم پر	عمل کرتے ہیں
وہ بات کرنے میں اس (اللہ) سے پہل نہیں کرتے اور وہ اس (اللہ) کے حکم پر عمل کرتے ہیں۔				

يَعْلَمُ مَا بَيْنَ أَيْدِيهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يَشْفَعُونَ

يَعْلَمُ	مَا	بَيْنَ أَيْدِيهِمْ	وَمَا	خَلْفَهُمْ	وَلَا يَشْفَعُونَ
وہ جانتا ہے	جو کچھ ہے	ان کے سامنے	اور جو کچھ ہے	اور ان کے پیچھے	اور وہ (فرشتے) سفارش نہیں کرینگے
وہ ان کے آگے پیچھے کے تمام امور سے واقف ہے اور وہ (فرشتے) سفارش نہیں کرینگے					

إِلَّا لِمَنِ ٱرْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِۦ مُشْفِقُونَ ﴿٢٨﴾

إِلَّا	لِمَنِ	ٱرْتَضَىٰ	وَهُم	مِّنْ خَشْيَتِهِۦ	مُشْفِقُونَ ﴿٢٨﴾
مگر	اس شخص کے لیے (جس کے لیے)	وہ (اللہ) پسند کرے گا	اور وہ	اسی کے خوف سے	ڈرنے والے ہیں
مگر اس شخص کے لیے جس کے لیے وہ اللہ پسند کرے گا اور وہ اسی کے خوف سے ڈرنے والے ہیں۔					

وَمَن يَقُلْ مِنْهُمْ إِنِّىٓ إِلَٰهٌ مِّن دُونِهِۦ

وَمَن	يَقُلْ	مِنْهُمْ	إِنِّىٓ	إِلَٰهٌ	مِّن دُونِهِۦ
اور جو کوئی بھی	کہے	ان میں سے	بیشک میں	معبود ہوں	اس (اللہ) کے سوا
اور جو کوئی بھی (بالفرض) ان میں سے کہے کہ میں معبود ہوں اللہ کے سوا					

فَذَٰلِكَ نَجْزِيهِ جَهَنَّمَ ۚ كَذَٰلِكَ نَجْزِى ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٢٩﴾

فَذَٰلِكَ	نَجْزِيهِ	جَهَنَّمَ ۚ	كَذَٰلِكَ	نَجْزِى	ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٢٩﴾
تو وہ شخص	ہم اسے سزا دینگے	جہنم کی	اسی طرح	ہم سزا دیتے ہیں	ظالموں کو
تو ہم اسے جہنم کی سزا دینگے اسی طرح ہم ظالموں کو سزا دیتے ہیں۔					

أَوَ لَمۡ يَرَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ أَنَّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ

ٱلسَّمَٰوَٰتِ	أَنَّ	كَفَرُوٓاْ	ٱلَّذِينَ	لَمۡ يَرَ	أَوَ
آسمان	کہ بیشک	کفر کیا	ان لوگوں نے جنہوں نے	دیکھا نہیں	اور کیا
اور کیا کافروں نے نہیں دیکھا					

وَٱلۡأَرۡضَ كَانَتَا رَتۡقٗا فَفَتَقۡنَٰهُمَاۖ وَجَعَلۡنَا مِنَ ٱلۡمَآءِ

مِنَ ٱلۡمَآءِ	وَجَعَلۡنَا	فَفَتَقۡنَٰهُمَاۖ	رَتۡقٗا	كَانَتَا	وَٱلۡأَرۡضَ
پانی سے	اور ہم نے بنائی	پھر ہم نے ان دونوں کو الگ الگ کیا	آپس میں ملے ہوئے	دونوں تھے	اور زمین
کہ بیشک آسمان اور زمین دونوں آپس میں ملے ہوئے تھے پھر ہم نے ان دونوں کو الگ الگ کیا					

كُلَّ شَيۡءٍ حَيٍّۚ أَفَلَا يُؤۡمِنُونَ ٣٠ وَجَعَلۡنَا فِي ٱلۡأَرۡضِ

فِي ٱلۡأَرۡضِ	وَجَعَلۡنَا	يُؤۡمِنُونَ ٣٠	أَفَلَا	حَيٍّۚ	كُلَّ شَيۡءٍ
زمین میں	اور ہم نے بنائے	وہ ایمان لاتے	کیا پھر نہیں	جاندار	ہر چیز
اور ہم نے ہر جاندار چیز کو پانی سے بنایا' تو کیا (یہ سب کچھ جان لینے کے بعد بھی) یہ لوگ ایمان نہیں لائینگے؟					

رَوَٰسِيَ أَن تَمِيدَ بِهِمۡ وَجَعَلۡنَا فِيهَا فِجَاجٗا

فِجَاجٗا	فِيهَا	وَجَعَلۡنَا	بِهِمۡ	أَن تَمِيدَ	رَوَٰسِيَ
کھلے	اس میں	اور ہم نے بنائے	انہیں لے کر	تاکہ وہ کسی ایک طرف جھک نہ پڑیں	پہاڑ
اور ہم نے زمین میں مضبوط پہاڑ جما دیئے تاکہ وہ انہیں لے کر ایک طرف جھک نہ جائیں					

سُبُلًا لَّعَلَّهُمۡ يَهۡتَدُونَ ٣١ وَجَعَلۡنَا ٱلسَّمَآءَ سَقۡفًا

سَقۡفًا	ٱلسَّمَآءَ	وَجَعَلۡنَا	يَهۡتَدُونَ ٣١	لَّعَلَّهُمۡ	سُبُلًا
چھت	آسمان کو	اور ہم نے بنایا	ہدایت پائیں	تاکہ وہ لوگ	راستے

اور ہم نے اس میں کھلے راستے بنائے تاکہ وہ لوگ ہدایت پائیں۔ اور ہم نے آسمان کو محفوظ چھت بنایا

مَّحۡفُوظًاۖ وَهُمۡ عَنۡ ءَايَٰتِهَا مُعۡرِضُونَ ٣٢ وَهُوَ ٱلَّذِى خَلَقَ

خَلَقَ	وَهُوَ ٱلَّذِى	مُعۡرِضُونَ ٣٢	عَنۡ ءَايَٰتِهَا	وَهُمۡ	مَّحۡفُوظًاۖ
پیدا کیے	اور وہی ہے اللہ جس نے	منہ پھیرنے والے ہیں	اس (آسمان) کی نشانیوں سے	اور وہ	محفوظ

اور وہ اس (آسمان) کی نشانیوں سے منہ پھیرنے والے ہیں۔

ٱلَّيۡلَ وَٱلنَّهَارَ وَٱلشَّمۡسَ وَٱلۡقَمَرَۖ كُلٌّ فِى فَلَكٍ

فِى فَلَكٍ	كُلٌّ	وَٱلۡقَمَرَۖ	وَٱلشَّمۡسَ	وَٱلنَّهَارَ	ٱلَّيۡلَ
(اپنے اپنے) مدار میں	سب	اور چاند	اور سورج	اور دن	رات

اور وہی ہے اللہ جس نے رات اور دن 'چاند اور سورج کو پیدا کیا سب اپنے اپنے مدار میں تیرتے گردش کرتے ہیں۔

يَسۡبَحُونَ ٣٣ وَمَا جَعَلۡنَا لِبَشَرٍ مِّن قَبۡلِكَ ٱلۡخُلۡدَۖ أَفَإِيْن

أَفَإِيْن	ٱلۡخُلۡدَۖ	مِّن قَبۡلِكَ	لِبَشَرٍ	وَمَا جَعَلۡنَا	يَسۡبَحُونَ ٣٣
کیا پھر اگر	ہمیشہ رہنا	آپؐ سے پہلے	کسی بشر کے لیے	اور ہم نے نہیں کیا	تیرتے (گردش کرتے) ہیں

اور (اے نبی ﷺ) آپؐ سے پہلے ہم نے کسی بشر کے لیے ہمیشہ رہنا نہیں کیا۔

مِّتَّ فَهُمُ ٱلْخَـٰلِدُونَ۝٣٤ كُلُّ نَفْسٍ ذَآئِقَةُ ٱلْمَوْتِ

مِّتَّ	فَهُمُ	ٱلْخَـٰلِدُونَ۝٣٤	كُلُّ نَفْسٍ	ذَآئِقَةُ	ٱلْمَوْتِ
آپؐ مر جائیں	تو کیا وہ	ہمیشہ رہنے والے ہیں	ہر نفس	چکھنے والا ہے ذائقہ	موت کا

کیا پھر اگر آپؐ مر جائیں تو کیا وہ ہمیشہ رہنے والے ہیں۔ ہر نفس نے موت کا مزہ چکھنا ہے

وَنَبْلُوكُم بِٱلشَّرِّ وَٱلْخَيْرِ فِتْنَةً وَإِلَيْنَا

وَنَبْلُوكُم	بِٱلشَّرِّ	وَٱلْخَيْرِ	فِتْنَةً	وَإِلَيْنَا
اور ہم ضرور تمھیں آزمائینگے	شر (تکلیف)	اور خیر (اچھائی) کے ساتھ	خوب آزمانا	اور ہماری ہی طرف

اور ہم ضرور تمھیں شر (تکلیف) اور خیر (اچھائی) کے ساتھ آزمائینگے اور ہماری ہی طرف تم لوٹائے جاؤ گے۔

تُرْجَعُونَ۝٣٥ وَإِذَا رَءَاكَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓا۟ إِن يَتَّخِذُونَكَ

تُرْجَعُونَ۝٣٥	وَإِذَا	رَءَاكَ	ٱلَّذِينَ	كَفَرُوٓا۟	إِن يَتَّخِذُونَكَ
تم لوٹائے جاؤ گے	اور جب	آپ کو دیکھتے ہیں	وہ لوگ نے جنھوں نے	کفر کیا	تو وہ آپ کو نہیں بناتے

اور (اے نبی ﷺ) یہ کافر لوگ جب بھی آپؐ ﷺ کو دیکھتے ہیں تو آپؐ ﷺ کا مذاق اُڑاتے ہیں

إِلَّا هُزُوًا أَهَـٰذَا ٱلَّذِى يَذْكُرُ ءَالِهَتَكُمْ

إِلَّا	هُزُوًا	أَهَـٰذَا	ٱلَّذِى	يَذْكُرُ	ءَالِهَتَكُمْ
مگر	مذاق	(کہتے ہیں) کیا یہی ہے	وہ جو	تذکرہ کرتا ہے	تمھارے معبودوں کا؟

(کہتے ہیں) کیا یہی وہ شخص ہے جو تمھارے معبودوں کا تذکرہ کرتا ہے؟

وَهُم بِذِكۡرِ ٱلرَّحۡمَٰنِ هُمۡ كَٰفِرُونَ۝٣٦ خُلِقَ ٱلۡإِنسَٰنُ

ٱلۡإِنسَٰنُ	خُلِقَ	كَٰفِرُونَ۝٣٦	هُمۡ	بِذِكۡرِ ٱلرَّحۡمَٰنِ	وَهُم
انسان	پیدا کیا گیا ہے	منکر ہیں	وہ (خود)	رحمٰن کو یاد کرنے ہی سے	جبکہ وہ (تو)
اور وہ خود رحمٰن کے ذکر سے منکر ہیں۔ انسان جلد باز پیدا کیا گیا ہے					

مِنۡ عَجَلٖۚ سَأُوْرِيكُمۡ ءَايَٰتِي فَلَا تَسۡتَعۡجِلُونِ۝٣٧ وَيَقُولُونَ

وَيَقُولُونَ	فَلَا تَسۡتَعۡجِلُونِ۝٣٧	ءَايَٰتِي	سَأُوْرِيكُمۡ	مِنۡ عَجَلٖۚ
اور وہ لوگ کہتے ہیں	لہذا تم مجھ سے جلدی طلب نہ کرو	اپنی نشانیاں	عنقریب میں تمھیں دکھاؤنگا	جلد باز
عنقریب میں تمھیں اپنی نشانیاں دکھاؤنگا لہذا تم مجھ سے جلدی طلب نہ کرو۔ اور وہ لوگ کہتے ہیں				

مَتَىٰ هَٰذَا ٱلۡوَعۡدُ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ۝٣٨

صَٰدِقِينَ۝٣٨	كُنتُمۡ	إِن	ٱلۡوَعۡدُ	هَٰذَا	مَتَىٰ
سچے؟	ہو تم	اگر	وعدہ	یہ	کب (پورا) ہو گا
کہ یہ وعدہ کب پورا ہو گا اگر آپ ﷺ سچے ہیں؟					

لَوۡ يَعۡلَمُ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ حِينَ لَا يَكُفُّونَ

لَا يَكُفُّونَ	حِينَ	كَفَرُواْ	ٱلَّذِينَ	يَعۡلَمُ	لَوۡ
وہ ہٹا نہیں سکیں گے	(اس وقت کو) کہ جس وقت	کفر کیا	وہ لوگ جنہوں نے	جان لیں	اگر
کاش ان کافروں کو معلوم ہوتا (اس وقت کے بارے میں) جب وہ آگ کو ہٹا نہ سکیں گے					

عَنۡ وُجُوهِهِمُ ٱلنَّارَ وَلَا عَن ظُهُورِهِمۡ وَلَا هُمۡ يُنصَرُونَ۝٣٩ بَلۡ

عَن وُجُوهِهِمُ	ٱلنَّارَ	وَلَا عَن ظُهُورِهِمۡ	وَلَا هُمۡ	يُنصَرُونَ۝٣٩	بَلۡ
اپنے چہروں سے	آگ	اور نہ اپنی پیٹھوں سے	اور نہ ہی ان کی	مدد کی جائے گی	بلکہ
اپنے چہروں سے اور نہ ہی اپنی پیٹھوں سے' اور نہ ان کی مدد کی جائے گی۔					

تَأۡتِيهِم بَغۡتَةً فَتَبۡهَتُهُمۡ فَلَا يَسۡتَطِيعُونَ

تَأۡتِيهِم	بَغۡتَةً	فَتَبۡهَتُهُمۡ	فَلَا يَسۡتَطِيعُونَ
وہ (قیامت) ان کے پاس آئے گی	اچانک ہی	تو وہ انہیں بدحواس کر دے گی	پھر وہ طاقت نہیں رکھیں گے
بلکہ وہ قیامت ان کے پاس اچانک ہی آئے گی تو وہ انہیں بدحواس کر دے گی			

وَلَا هُمۡ يُنظَرُونَ۝٤٠ وَلَقَدِ ٱسۡتُهۡزِئَ بِرُسُلٍ

رَدَّهَا	وَلَا هُمۡ	يُنظَرُونَ۝٤٠	وَلَقَدِ	ٱسۡتُهۡزِئَ	بِرُسُلٍ
اسے ٹالنے کی	اور نہ انہیں	مہلت ہی دی جائے گی	اور یقیناً	مذاق اُڑایا گیا	کئی رسولوں کا
پھر وہ اسے ٹالنے کی طاقت نہیں رکھیں گے اور نہ انہیں مہلت ہی دی جائے گی۔					

مِّن قَبۡلِكَ فَحَاقَ بِٱلَّذِينَ سَخِرُواْ مِنۡهُم مَّا

مِّن قَبۡلِكَ	فَحَاقَ	بِٱلَّذِينَ	سَخِرُواْ	مِنۡهُم	مَّا
آپؐ سے پہلے	پھر گھیر لیا	ان لوگوں کو جو	مذاق اڑاتے تھے	ان میں سے	اس (عذاب) نے جو
اور (اے نبی ﷺ) یقیناً آپؐ ﷺ سے پہلے جو بھی رسول آئے تھے ان کا بھی مذاق اُڑایا گیا تھا					

كَانُواْ بِهِۦ يَسۡتَهۡزِءُونَ ﴿٤١﴾ قُلۡ مَن يَكۡلَؤُكُم

يَكۡلَؤُكُم	مَن	قُلۡ	يَسۡتَهۡزِءُونَ ﴿٤١﴾	بِهِۦ	كَانُواْ
تمھاری حفاظت کرتا ہے	کون	آپؐ کہہ دیجیے	مذاق کرتے	اس کے ساتھ	وہ تھے
تو پھر اُن مذاق اُڑانے والوں کو اسی عذاب نے گھیر لیا جس کا وہ مذاق اُڑایا کرتے تھے۔ آپ ﷺ ان سے پوچھیے					

بِٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِ مِنَ ٱلرَّحۡمَٰنِۚ بَلۡ هُمۡ عَن ذِكۡرِ رَبِّهِم

عَن ذِكۡرِ رَبِّهِم	هُمۡ	بَلۡ	مِنَ ٱلرَّحۡمَٰنِۚ	وَٱلنَّهَارِ	بِٱلَّيۡلِ
رب کے ذکر سے	وہ	بلکہ	رحٰمن (کے عذاب) سے	اور دن میں	رات میں
کہ کون تمھاری حفاظت کرتا ہے رات دن رحٰمن کی طرف سے ؟					

مُّعۡرِضُونَ ﴿٤٢﴾ أَمۡ لَهُمۡ ءَالِهَةٞ تَمۡنَعُهُم مِّن دُونِنَاۚ

مِّن دُونِنَاۚ	تَمۡنَعُهُم	ءَالِهَةٞ	لَهُمۡ	أَمۡ	مُّعۡرِضُونَ ﴿٤٢﴾
ہمارے سوا؟	جو انہیں بچاتے ہیں	اور معبود ہیں	ان کے لیے	کیا	منہ پھیرنے والے ہیں
بلکہ یہ لوگ اپنے رب کے ذکر سے منہ پھیرنے والے ہیں۔ کیا ہمارے سوا ان کے اور معبود ہیں جو انہیں بچاتے ہیں					

لَا يَسۡتَطِيعُونَ نَصۡرَ أَنفُسِهِمۡ وَلَا هُم مِّنَّا يُصۡحَبُونَ ﴿٤٣﴾

يُصۡحَبُونَ ﴿٤٣﴾	مِّنَّا	وَلَا هُم	نَصۡرَ أَنفُسِهِمۡ	لَا يَسۡتَطِيعُونَ
محفوظ رکھے جاتے ہیں	ہم (ہمارے عذاب) ہی سے	اور نہ وہ	اپنی ہی جانوں کی مدد کی	وہ طاقت نہیں رکھتے
وہ تو خود اپنی مدد کی طاقت نہیں رکھتے۔ اور نہ ہی وہ ہمارے عذاب سے محفوظ رکھے جاتے ہیں۔				

بَلۡ مَتَّعۡنَا هَٰٓؤُلَآءِ وَءَابَآءَهُمۡ حَتَّىٰ طَالَ

بَلۡ	مَتَّعۡنَا	هَٰٓؤُلَآءِ	وَءَابَآءَهُمۡ	حَتَّىٰ	طَالَ
بلکہ	ہم نے فائدہ دیا	ان لوگوں کو	اور ان کے باپ دادا کو	یہاں تک کہ	لمبی ہو گئیں

بلکہ ہم نے انہیں اور ان کے باپ دادا کو زندگی کے سر و سامان دیئے یہاں تک کہ ان کی عمریں لمبی ہو گئیں

عَلَيۡهِمُ ٱلۡعُمُرُۗ أَفَلَا يَرَوۡنَ أَنَّا نَأۡتِي ٱلۡأَرۡضَ نَنقُصُهَا

عَلَيۡهِمُ ٱلۡعُمُرُۗ	أَفَلَا يَرَوۡنَ	أَنَّا	نَأۡتِي	ٱلۡأَرۡضَ	نَنقُصُهَا
ان کی عمریں	کیا پھر وہ نہیں دیکھتے	کہ بیشک ہم	آتے ہیں	زمین کو	گھٹاتے چلے آرہے ہیں

کیا پھر وہ نہیں دیکھتے کہ ہم زمین کو اس کے کناروں سے گھٹاتے چلے آرہے ہیں

مِنۡ أَطۡرَافِهَآۚ أَفَهُمُ ٱلۡغَٰلِبُونَ ٤٤ قُلۡ إِنَّمَآ أُنذِرُكُم

مِنۡ أَطۡرَافِهَآۚ	أَفَهُمُ	ٱلۡغَٰلِبُونَ ٤٤	قُلۡ	إِنَّمَآ	أُنذِرُكُم
اس کے کناروں سے	کیا پھر (بھی) وہی	غالب آنے والے ہیں	آپؐ کہہ دیجیے	بس	میں تمھیں ڈراتا ہوں

تو کیا (اب بھی وہ سمجھتے ہیں کہ) وہی غالب آنے والے ہیں؟ آپؐ کہہ دیجیے

بِٱلۡوَحۡيِۚ وَلَا يَسۡمَعُ ٱلصُّمُّ ٱلدُّعَآءَ إِذَا مَا يُنذَرُونَ ٤٥

بِٱلۡوَحۡيِۚ	وَلَا يَسۡمَعُ	ٱلصُّمُّ	ٱلدُّعَآءَ	إِذَا مَا	يُنذَرُونَ ٤٥
وحی کے ذریعے سے	اور نہیں سنتے	بہرے	پکار کو	جب بھی	وہ ڈرائے جائیں

بس میں تمھیں وحی کے ذریعے سے ڈراتا ہوں اور بہرے کسی ڈرانے والے کی پکار کو نہیں سنتے۔

وَلَئِن مَّسَّتۡهُمۡ نَفۡحَةٞ مِّنۡ عَذَابِ رَبِّكَ لَيَقُولُنَّ

وَلَئِن	مَّسَّتۡهُمۡ	نَفۡحَةٞ	مِّنۡ عَذَابِ رَبِّكَ	لَيَقُولُنَّ
اور یقیناً اگر	انہیں آ چھوئے	ایک (ہلکا سا) جھونکا	آپ کے رب کا عذاب کا	تو یقیناً وہ ضرور کہیں گے
اور اگر انہیں آپ ﷺ کے رب کے عذاب کا ایک (ہلکا سا) جھونکا بھی آ چھوئے				

يَٰوَيۡلَنَآ إِنَّا كُنَّا ظَٰلِمِينَ ٤٦ وَنَضَعُ ٱلۡمَوَٰزِينَ ٱلۡقِسۡطَ

يَٰوَيۡلَنَآ	إِنَّا كُنَّا	ظَٰلِمِينَ ٤٦	وَنَضَعُ	ٱلۡمَوَٰزِينَ	ٱلۡقِسۡطَ
ہائے ہماری کم بختی !	بیشک ہم ہی تھے	ظالم	اور ہم رکھیں گے	ترازوئیں	انصاف کی
تو یقیناً وہ ضرور کہیں گے ہائے ہماری کم بختی ! بیشک ہم ہی ظالم تھے اور ہم قیامت کے دن انصاف کی ترازوئیں رکھیں گے					

لِيَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِ فَلَا تُظۡلَمُ نَفۡسٞ شَيۡـٔٗاۖ وَإِن كَانَ

لِيَوۡمِ ٱلۡقِيَٰمَةِ	فَلَا	تُظۡلَمُ	نَفۡسٞ	شَيۡـٔٗاۖ	وَإِن كَانَ
قیامت کے دن	پھر نہ	ظلم کیا جائے گا	کسی نفس پر	کچھ بھی	اور اگر ہو گا (کوئی بھی عمل)
پھر کسی نفس پر کچھ بھی ظلم نہیں کیا جائے گا					

مِثۡقَالَ حَبَّةٖ مِّنۡ خَرۡدَلٍ أَتَيۡنَا بِهَاۗ وَكَفَىٰ بِنَا حَٰسِبِينَ ٤٧ وَلَقَدۡ

مِثۡقَالَ	حَبَّةٖ مِّنۡ خَرۡدَلٍ	أَتَيۡنَا بِهَاۗ	وَكَفَىٰ بِنَا	حَٰسِبِينَ ٤٧	وَلَقَدۡ
برابر	رائی کے دانے کے	تو ہم اسے لے آئے گے	اور ہم کافی ہیں	حساب لینے والے	اور یقیناً
اور اگر ہو گا کوئی بھی عمل رائی کے دانے کے برابر بھی تو ہم اسے لے آئینگے اور ہم حساب لینے کے لیے کافی ہیں۔					

ءَاتَيۡنَا مُوسَىٰ وَهَٰرُونَ ٱلۡفُرۡقَانَ وَضِيَآءً

وَضِيَآءً	ٱلۡفُرۡقَانَ	وَهَٰرُونَ	مُوسَىٰ	ءَاتَيۡنَا
اور روشنی	(حق وباطل کے درمیان)فیصلہ کرنے والی(کتاب)	اور ہارون کو	موسیٰ کو	ہم نے دی تھی

اور یقیناً ہم نے موسیٰ اور ہارونؑ کو حق وباطل کے درمیان فیصلہ کرنے والی کتاب اور روشنی اور ذکر(نصیحت) متقین کے لیے دی

وَذِكۡرًا لِّلۡمُتَّقِينَ ۝٤٨ ٱلَّذِينَ يَخۡشَوۡنَ رَبَّهُم بِٱلۡغَيۡبِ

بِٱلۡغَيۡبِ	رَبَّهُم	يَخۡشَوۡنَ	ٱلَّذِينَ	لِّلۡمُتَّقِينَ ۝٤٨	وَذِكۡرًا
بغیر دیکھے	اپنے رب سے	ڈرتے ہیں	وہ لوگ جو	متقین کے لیے	اور ذکر(نصیحت)

وہ لوگ جو اپنے رب سے بغیر دیکھے ڈرتے ہیں

وَهُم مِّنَ ٱلسَّاعَةِ مُشۡفِقُونَ ۝٤٩ وَهَٰذَا ذِكۡرٞ مُّبَارَكٌ

مُّبَارَكٌ	ذِكۡرٞ	وَهَٰذَا	مُشۡفِقُونَ ۝٤٩	مِّنَ ٱلسَّاعَةِ	وَهُم
برکت والا	ذکر ہے	اور یہ	ڈرنے والے ہیں	قیامت سے بھی	اور وہ

اور وہ قیامت سے بھی ڈرنے والے ہیں۔ اور یہ بابرکت ذکر(قرآن)ہم نے نازل کیا ہے

أَنزَلۡنَٰهُۚ أَفَأَنتُمۡ لَهُۥ مُنكِرُونَ ۝٥٠ وَلَقَدۡ ءَاتَيۡنَآ

ءَاتَيۡنَآ	وَلَقَدۡ	مُنكِرُونَ ۝٥٠	لَهُۥ	أَفَأَنتُمۡ	أَنزَلۡنَٰهُۚ
ہم نے دی تھی	اور یقیناً	منکر ہو؟	اس کے	کیا پھر تم	ہم نے اسے نازل کیا ہے

کیا پھر تم اس کا انکار کرتے ہو؟

إِبۡرَٰهِيمَ رُشۡدَهُۥ مِن قَبۡلُ وَكُنَّا بِهِۦ عَٰلِمِينَ ۝٥١

إِبۡرَٰهِيمَ	رُشۡدَهُۥ	مِن قَبۡلُ	وَكُنَّا	بِهِۦ	عَٰلِمِينَ ۝٥١
ابراہیم کو	اس کی ہدایت	اس سے پہلے	اور ہم تھے	اسے	خوب جاننے والے

اور (موسیٰ سے بھی) پہلے ہم نے ابراہیمؑ کو ہدایت دی تھی اور ہم ابراہیمؑ کو خوب جاننے والے تھے

إِذۡ قَالَ لِأَبِيهِ وَقَوۡمِهِۦ مَا هَٰذِهِ

إِذۡ	قَالَ	لِأَبِيهِ	وَقَوۡمِهِۦ	مَا	هَٰذِهِ
جب	اس نے کہا	اپنے والد سے	اور اپنی قوم سے	کیا ہیں	یہ

جب ابراہیمؑ نے اپنے والد اور اپنی قوم سے کہا

ٱلتَّمَاثِيلُ ٱلَّتِيٓ أَنتُمۡ لَهَا عَٰكِفُونَ ۝٥٢ قَالُواْ

ٱلتَّمَاثِيلُ	ٱلَّتِيٓ	أَنتُمۡ	لَهَا	عَٰكِفُونَ ۝٥٢	قَالُواْ
مورتیاں	وہ جو	تم ہو	ان کے لیے	(تعظیم سے) جم کر بیٹھنے والے ؟	انہوں نے کہا

کہ یہ کیا مورتیاں ہیں جن کے لیے تم (تعظیم سے) جم کر بیٹھنے والے ہو؟ انہوں نے کہا

وَجَدۡنَآ ءَابَآءَنَا لَهَا عَٰبِدِينَ ۝٥٣ قَالَ لَقَدۡ

وَجَدۡنَآ	ءَابَآءَنَا	لَهَا	عَٰبِدِينَ ۝٥٣	قَالَ	لَقَدۡ
ہم نے پایا ہے	اپنے باپ دادا کو	انہی کی	عبادت کرتے ہوئے	اس (ابراہیم) نے کہا	یقیناً

ہم نے اپنے باپ دادا کو انہی کی عبادت کرتے ہوئے پایا ہے۔ ابراہیمؑ نے کہا

كُنتُمۡ أَنتُمۡ وَءَابَآؤُكُمۡ فِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٖ ٥٤ قَالُوٓاْ أَجِئۡتَنَا بِٱلۡحَقِّ

أَجِئۡتَنَا بِٱلۡحَقِّ	قَالُوٓاْ	فِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٖ ٥٤	وَءَابَآؤُكُمۡ	كُنتُمۡ أَنتُمۡ
کیا تو ہمارے پاس حق لایا ہے	انہوں نے کہا	کھلی گمراہی میں	اور تمھارے باپ دادا	ہو تم خود

یقیناً تم اور تمھارے باپ دادا کھلی گمراہی میں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کیا آپؑ (ابراہیم) واقعی ہمارے پاس حق لائے ہیں

أَمۡ أَنتَ مِنَ ٱللَّٰعِبِينَ ٥٥ قَالَ بَل رَّبُّكُمۡ

رَّبُّكُمۡ	بَل	قَالَ	مِنَ ٱللَّٰعِبِينَ ٥٥	أَنتَ	أَمۡ
تمھارا رب	بلکہ	اس (ابراہیم) نے کہا	کھیل کرنے والوں میں سے ہے؟	تو	یا

یا محض شغل کر رہے ہیں؟ ابراہیمؑ نے کہا بلکہ تمھارا رب آسمانوں اور زمین کا رب ہے

رَبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ ٱلَّذِي فَطَرَهُنَّ وَأَنَا۠ عَلَىٰ ذَٰلِكُم مِّنَ ٱلشَّٰهِدِينَ ٥٦

مِّنَ ٱلشَّٰهِدِينَ ٥٦	عَلَىٰ ذَٰلِكُم	وَأَنَا۠	فَطَرَهُنَّ	ٱلَّذِي	رَبُّ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ
گواہوں میں سے ہوں	اس بات پر	اور میں	انہیں پیدا کیا ہے	وہ جس نے	آسمانوں اور زمین کا رب ہے

وہ جس نے انہیں پیدا کیا ہے اور میں خود اس پر گواہ ہوں۔

وَتَٱللَّهِ لَأَكِيدَنَّ أَصۡنَٰمَكُم بَعۡدَ أَن تُوَلُّواْ

تُوَلُّواْ	بَعۡدَ أَن	أَصۡنَٰمَكُم	لَأَكِيدَنَّ	وَتَٱللَّهِ
تم چلے جاؤ گے	اس کے بعد کہ	تمھارے بتوں کے ساتھ	یقیناً میں ضرور ایک چال چلوں گا	اور اللہ کی قسم!

اور اللہ کی قسم! یقیناً میں ضرور تمھارے چلے جانے کے بعد تمھارے بتوں کے ساتھ ایک چال چلوں گا

مُدۡبِرِينَ ٥٧ فَجَعَلَهُمۡ جُذَٰذًا إِلَّا كَبِيرًا لَّهُمۡ

كَبِيرًا لَّهُمۡ	إِلَّا	جُذَٰذًا	فَجَعَلَهُمۡ	مُدۡبِرِينَ ٥٧
ان کے ایک بڑے کے (کہ اسے چھوڑ دیا)	مگر	ٹکڑے ٹکڑے	پھر اس نے انہیں کر دیا	پیٹھ پھیر کر
پھر ابرہیمؑ نے انہیں (بتوں کو) ٹکڑے ٹکڑے کر دیا سوائے ان کے بڑے کے'				

لَعَلَّهُمۡ إِلَيۡهِ يَرۡجِعُونَ ٥٨ قَالُواْ مَن فَعَلَ

فَعَلَ	مَن	قَالُواْ	يَرۡجِعُونَ ٥٨	إِلَيۡهِ	لَعَلَّهُمۡ
کیا ہے	کس نے	انہوں نے کہا	رجوع کریں	اس کی طرف	تاکہ وہ
تاکہ وہ اس کی طرف رجوع کریں۔ وہ چلا اٹھے					

هَٰذَا بِـَٔالِهَتِنَآ إِنَّهُۥ لَمِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ ٥٩ قَالُواْ سَمِعۡنَا

سَمِعۡنَا	قَالُواْ	لَمِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ ٥٩	إِنَّهُۥ	بِـَٔالِهَتِنَآ	هَٰذَا
ہم نے سنا ہے	انہوں نے کہا	یقیناً ظالموں میں سے ہی	بیشک وہ	ہمارے معبودوں کے ساتھ؟	یہ (کام)
کس نے ہمارے معبودوں کے ساتھ یہ کیا ہے؟ وہ تو یقیناً کوئی بہت ہی ظالم ہے۔					

فَتًى يَذۡكُرُهُمۡ يُقَالُ لَهُۥٓ إِبۡرَٰهِيمُ ٦٠ قَالُواْ

قَالُواْ	إِبۡرَٰهِيمُ ٦٠	لَهُۥ	يُقَالُ	يَذۡكُرُهُمۡ	فَتًى
انہوں نے کہا	ابراہیم	اسے	کہا جاتا ہے	وہ ان کا تذکرہ کرتا تھا	ایک جوان کو
کچھ لوگوں نے کہا کہ ہم نے ایک نوجوان (ابراہیمؑ) ان کے بارے میں (غلط) باتیں کرتے سنا تھا جسے ابراہیمؑ کہا جاتا ہے۔					

فَأۡتُواْ بِهِۦ عَلَىٰٓ أَعۡيُنِ ٱلنَّاسِ لَعَلَّهُمۡ يَشۡهَدُونَ ٦١ قَالُوٓاْ

فَأۡتُواْ بِهِۦ	عَلَىٰٓ أَعۡيُنِ ٱلنَّاسِ	لَعَلَّهُمۡ	يَشۡهَدُونَ ٦١	قَالُوٓاْ
اب تم اسے لے آؤ	لوگوں کی آنکھوں کے سامنے	تا کہ وہ (عبرت کے لیے)	دیکھیں	انہوں نے کہا

لوگوں نے کہا اب تم اسے لوگوں کی آنکھوں کے سامنے لے آؤ تا کہ وہ (عبرت کے لیے) دیکھیں (یعنی گواہی دیں)

ءَأَنتَ فَعَلۡتَ هَٰذَا بِـَٔالِهَتِنَا يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُ ٦٢ قَالَ بَلۡ

ءَأَنتَ فَعَلۡتَ	هَٰذَا	بِـَٔالِهَتِنَا	يَٰٓإِبۡرَٰهِيمُ ٦٢	قَالَ	بَلۡ
